CITY/SURROUNDING سٹی/گردونواح

گمبٹ: مرکنڈ برادری ہسپتال ملازم یونس کی بازیابی کیلئے احتجاج کرتے ہوئے

بجلی چوروں کیخلاف کارروائی 8409 غیر قانونی کنکشن منقطع

میرپورخاص (نامہ نگار خصوصی) حیسکو ترجمان کے اعلامیے کے مطابق اینٹی تھیفٹ آپریشن ڈویژن حیسکو ڈگری علی رضا بجلی نے ایس ای اینڈ آئی اور ٹیکنیکل ٹیم کے ہمراہ ڈویژن کے مختلف سب ڈویژن میں بجلی چوروں کیخلاف پولیس کی نفری کے ہمراہ کارروائی کی۔ اس موقع پر 8409 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے جن کے خلاف متعلقہ تھانوں میں ایف آئی آر کیلیے 19 سے زائد لیٹر جمع کرائے گئے، اور سب ڈویژن میں نادہندگان سے 3 کروڑ 81 لاکھ سے زائد کی وصولی کی گئی جبکہ نادہندگان کی عدم ادائیگی پر 3784 سے زائد بجلی کے کنکشن منقطع کردیے گئے۔

افواج پاکستان ہمارا فخر اور غرور ہے: سجاد احمد شیخ

افواج پاکستان کی عزت و وقار کے ساتھ ملک کے استحکام و خوشحالی وابستہ ہے

سکھر (کرائم رپورٹر) آٹو پارٹس ایسوسی ایشن کے رہنما سجاد احمد شیخ نے کہا ہے کہ افواج پاکستان ہمارا فخر اور غرور ہے، افواج پاکستان کی عزت و وقار کے ساتھ پاکستان کا استحکام اور عوام کا تحفظ و خوشحالی وابستہ ہے، اگر ملک دشمن عناصر نے افواج پاکستان کیخلاف مزید زہر اگلنے کی کوشش کی تو عوام انہیں معاف نہیں کرینگے۔ پاک فوج کے ہوتے ہوئے دشمن میں وطن عزیز کو میلی نگاہ سے دیکھنے کی طاقت نہیں۔ افواج پاکستان کے شہداء نے اپنی جانوں کے نذرانے دیکر وطن کے مستقبل کو محفوظ بنایا ہے، سیاسی مفادات کی خاطر افواج پاکستان کیخلاف باتیں کرنے والوں نے ملک دشمنی کی انتہا کردی ہے، جس کی ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ افواج پاکستان نے دہشتگردوں کے عفریت سے عوام کو بچایا اور ملک کی حفاظت کی، ملک دشمن عناصر افواج پاکستان کیخلاف زہریلا پروپیگنڈہ کررہے ہیں، جسے عوام کسی صورت برداشت نہیں کرینگے، ملک کا بچہ بچہ افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑا ہے اور ملک کی سالمیت، استحکام و بقاء کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں۔ وہ اپنے دفتر میں تاجروں کے مختلف وفود سے بات چیت کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان نے ملک کی سالمیت، بقاء، استحکام کے لئے بیش بہا قربانیاں دی ہیں، ملک کے 22 کروڑ عوام پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

نماز کے اوقات

صبح صادق	4:15	اہل تشیع کے لیے	
فجر	5:15	فجر	4:20
ظہر	1:30	ظہرین	12:32
عصر	5:45	مغربین	7:30
مغرب غروب آفتاب			
عشاء	9:00		

آج کا موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران موسم خشک رہے گا، گزشتہ روز زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 44 سینٹی گریڈ جبکہ کم سے کم 28 سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

آج غروب آفتاب — 07:16
کل طلوع آفتاب — 05:42

اہم ٹیلیفون نمبر

ریلوے انکوائری سکھر	071-9310070-9310041
روہڑی انکوائری	071-117-5651433
پی آئی اے ریزرویشن	071-931049
سول اسپتال سکھر	071-9310125-6
تعلقہ اسپتال روہڑی	071-5651115
ایدھی سینٹر سکھر	071-115
فائر بریگیڈ	071-9310310-116
ہم ڈسپنسل اسکھ	071-9310730
سیپکو (واپڈا)	071-9310330-118
سوئی گیس	071-119, 9310941-5
سینٹرل جیل-I سکھر	071-565053
سینٹرل جیل-II سکھر	071-931058
آر پی او آفس پولیس سکھر	071-5630268
ڈی آئی جی پولیس آفس	071-9310558
ڈی پی او آفس سکھر	071-9310560
سکھر پریس کلب	071-5622955
سول ایوی ایشن انکوائری	071-5806050
سکھر ایئرپورٹ	071-5806001-8
پی آئی اے فلائٹ انکوائری	114

رسول بخش پلیجو کی برسی میں شرکت کے دعوت نامے

حیدرآباد (نمائندہ ایکسپریس) عوامی تحریک کے بانی رسول بخش پلیجو کی پانچویں برسی میں شرکت کیلیے سندھ سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے ... اس سلسلے میں اسماعیل خاصخیلی، ادریس لغاری، کاشف ملاح، جام تماچی نے ادیب جامی چانڈیو سے ملاقات کی اور انہیں قائد انقلاب کی پانچویں برسی پر مدعو کیا۔ دوسری جانب نور احمد کتیار، کاشف ملاح، حمید انقلابی اور علی محمد وکی نے بدر چنا سے ملاقات کی اور انہیں برسی پر مدعو کیا۔

رانی پور: جے ڈبلیو سی کی جانب سے مغوی جعفر بھٹو کی بازیابی کیلئے احتجاج کیا جارہا ہے

مغویوں کی بازیابی کیلئے انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنا کر ریلی

ڈی سی آفس سے ٹاور چوک تک احتجاج، کیمپ میں سینکڑوں افراد کی شرکت

کندھکوٹ (نمائندہ ایکسپریس) کندھکوٹ رسالدار میں سے اغوا ہونے والے معصوم بچے محمد عظیم بیگ سمیت تمام اغوا ہونے والوں کی بازیابی کیلئے انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنا کر ڈی سی آفس سے ٹاور چوک تک ریلی احتجاجی کیمپ پر سینکڑوں شہریوں کی شرکت امن چاہیے امن چاہیے کی نعرے بازی کی۔ تفصیلات کے مطابق: کندھکوٹ ضلع اغوا انڈسٹری بن گیا ہے رسالدار میں سے اغوا ہونے والے معصوم بچے محمد عظیم بیگ، وکیل مرزا خان گولو، ان کے بھتیجے واجد گولو، کچھ ماہ قبل اغوا ہونے والی معصوم کوثر کھوسو اور اگی ماں ہازیہ بھی سمیت ضلع کے مختلف جگہوں اور وقتوں پر اغوا ہونے والوں کو پولیس بازیاب نہ کرا سکی مغویوں کی بازیابی کیلئے پولیس کا کوئی کردار نظر نہیں آرہا تمام مغویوں کی بازیابی کیلئے جماعت اسلامی کی کال پر ڈی سی آفیس سے سینکڑوں شہریوں نے ہاتھوں کی زنجیر بنا کر ریلی کی صورت میں ٹاور چوک پر پہنچ کر مغویوں کی واپسی کیلئے ٹاور چوک پر احتجاجی کیمپ لگائی جس میں شہر کے سیاسی سماجی رہنماؤں حافظ نصر اللہ چنہ، غلام مصطفی میرانی، مولوی خان محمد ملک، حافظ برکت اللہ گولو، امداد کھوسو، مولوی محمد ابراہیم خاکی، اکرم بابڑکانی، دلدار ڈاہانی، سجاد بروہی، عبدالعزیز سومرو، بشیر میرانی، فیض محمد لوہر، ساجد بھٹی، اکبر مولوانی و دیگر کی قیادت میں بھی سینکڑوں شہری احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کوئی بھی کوشش نہیں کررہی اور نہ ہی مغوی آزاد ہورہے ہیں لگ رہا ہے کہ پولیس آسرے میں ہے کہ ڈاکو خود رحم کریں یا وڈیرہ سے ڈیل کرکے مغویوں کی آزادی ہو ہم سراپا احتجاج ہیں اور مغویوں کی بازیابی تک احتجاج کا سلسلہ جاری رہیگا احتجاجی کیمپ پر شہید بھٹو سندھ کے صدر زبیر احمد حتوائی پہنچ کر میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کندھکوٹ سمیت سندھ کا امن ہاتھوں سے تباہ کیا جارہا ہے ہم معصوم بچوں کے اغوا والے واقعوں کی سخت لفظوں میں مذمت کرتے ہیں معصوم محمد عظیم بیگ سمیت تمام مغویوں کو جلد بازیاب کراکے امن قائم کیا جائے دوسری صورت میں ہم پورے سندھ میں احتجاج کرینگے۔

جامعہ سندھ جامشورو کے زیر انتظام اسکولوں میں گرمیوں کی تعطیلات

جامشورو (نامہ نگار) جامعہ سندھ جامشورو کے زیر انتظام سید پناہ علی شاہ ماڈل اسکول سندھ یونیورسٹی کالونی جامشورو اور ڈاکٹر این اے بلوچ ماڈل اسکول ایلسا قاضی کیمپس حیدرآباد موسم گرما کی تعطیلات کی وجہ سے یکم جون سے 31 جولائی 2023 تک بند رہیں گے، تاہم اسکولوں کے پرنسپلز و انتظامی عملہ حسب معمول ڈیوٹیوں پر موجود رہیں گے۔ اس ضمن میں رجسٹرار جامعہ سندھ ڈاکٹر غلام محمد بھٹو نے نوٹیفیکیشن جاری کردیا۔

معمولی بارش کے بعد حیسکو نے بجلی بند کردی، نظام آرائیں

حیدرآباد (نمائندہ ایکسپریس) پاکستان پیپلز پارٹی کے مقامی رہنما چوہدری نظام آرائیں نے کہا ہے کہ معمولی سی بارش کے بعد حیسکو انتظامیہ نے شہر کے بیشتر علاقوں کی بجلی بند کردی جس کے بعد وقفے وقفے سے لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد میں عرصہ دراز سے بجلی کا بحران ہے، کئی حکومتیں آئیں اور چلی گئیں لیکن بجلی کا بحران ختم نہیں ہوا۔



لاڑکانہ بلدیاتی الیکشن کے دوسرے مرحلے میں پارٹی ٹکٹ جمع کروانے والے خواجہ سراء

بارہویں جماعت کے امتحانات — 46 طلبا نقل کرتے، 5 جعلی امیدوار پکڑے گئے

دوسرے روز بھی امتحانی مراکز پر بجلی بند رہی، ہزاروں طلبا کو پرچہ حل کرنے میں مشکلات، درجنوں طلبا کی حالت غیر

حیدرآباد (نمائندہ ایکسپریس) ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے تحت بارہویں جماعت کے سالانہ امتحانات کے دوسرے روز بھی کئی امتحانی مراکز پر نقل جاری رہی جبکہ امتحانی دورانیے کے بجلی کی لوڈشیڈنگ نے طلبا کو پریشان کیے رکھا اور متعدد طالب علم بے حال ہوگئے۔ دوسری طرف ویجیلنس ٹیموں نے 46 طلبا کو نقل کرتے ہوئے جبکہ 5 جعلی امیدواروں کو بھی پکڑ لیا۔ تفصیلات کے مطابق تعلیمی بورڈ حیدرآباد کے تحت حیدرآباد سمیت 9 اضلاع میں جاری بارہویں جماعت کے سالانہ امتحانات کے دوسرے روز صبح کے اوقات میں ریاضی، زوولوجی، بجلی کا محکمہ پرابلم اور جغرافیہ جبکہ دوپہر کے اوقات میں سوکس اور بک کیپنگ اینڈ اکاؤنٹینسی کے پرچے لیے گئے۔ امتحانات کے دوسرے روز موسم گرم اور حبس کی کیفیت رہی جس کے دوران امتحانی مراکز کی بجلی معطل ہونے سے امتحانات میں شریک ہزاروں طلبا وطالبات کو امتحانی پرچہ حل کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور شدید گرمی وحبس کے نتیجے میں درجنوں طالب علم بے حال اور کئی کی حالت غیر ہوگئی جس پر ان کے ساتھ امتحان میں شریک ساتھی طالب علموں نے ان پر کاغذ یا امتحانی گتے کی مدد سے ہوا کی تو ان کی حالت بہتر ہوئی جبکہ کئی امتحانی مراکز کے علاقوں میں بجلی کی آنکھ مچولی کا سلسلہ بھی چلتا رہا جس کے نتیجے میں بھی طلبا کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ امتحانات کے دوسرے روز بھی طلبا کی بڑی تعداد اپنے موبائل فون لیکر امتحانی مراکز پہنچی لیکن امتحان شروع ہونے سے قبل انھوں نے وہ نگرانوں کے پاس جمع کرادیے۔ دوسری طرف امتحانی پرچہ حل کرنے کے دوران بھی متعدد طلبا وطالبات کے پاس سے موبائل فون نکلے جنھیں امتحانی نگران عملے نے تحویل میں لے لیا اور ان کے نام اور سیٹ نمبر کاپی کیس کے لیے درج کرلیے۔ تعلیمی بورڈ حیدرآباد کے ناظم امتحانات ڈاکٹر مسرور زئی کی جانب سے جاری کردہ یومیہ رپورٹ کے مطابق دوسرے روز 46 طلبا کو نقل کرتے ہوئے پکڑ کر ان پر کاپی کیس کیے گئے جن میں سے 34 ٹنڈو الہیار، 10 حیدرآباد اور 2 کاپی کیس ٹھٹھہ میں کیے گئے جبکہ دوران چیکنگ 5 جعلی امیدوار بھی پکڑے گئے جو کہ اصل امیدواروں کی جگہ بیٹھ کر امتحان دے رہے تھے۔

آئی بی اے یونیورسٹی میں اکیڈمک کونسل کا 12واں اجلاس

زیر التواء اکیڈمکس میٹرز کو متفقہ طور پر منظور شدہ قراردادوں کے ساتھ حل کیا

سکھر (کرائم رپورٹر) سکھر آئی بی اے یونیورسٹی میں اکیڈمک کونسل کا 12 واں اجلاس منعقد ہوا۔ تفصیلات کے مطابق سکھر آئی بی اے یونیورسٹی کی اکیڈمک کونسل کا 12 واں اجلاس منگل 30 مئی 2023 کو یونیورسٹی کے مین کیمپس میں واقع اکیڈمک بلاک کے میٹنگ روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت وائس چانسلر، سکھر آئی بی اے یونیورسٹی، پروفیسر ڈاکٹر آصف احمد شیخ نے کی۔ اکیڈمک کونسل کے اجلاس میں پرو وائس چانسلر، ہیڈ آف دی ڈپارٹمنٹس اور کل اکیڈمک کونسل کے ممبران نے شرکت کی۔ کونسل نے زیر التواء اکیڈمکس میٹرز کو متفقہ طور پر منظور شدہ قراردادوں کے ساتھ حل کیا۔ سکھر آئی بی اے یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر آصف احمد شیخ نے 12ویں اکیڈمک کونسل کے اجلاس کی قیادت کی، جس میں اہم تعلیمی معاملات اور ادارے کے تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے حکمت عملی کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا اور اہم فیصلے کیے گئے۔ اکیڈمک کونسل نے ایجنڈا کے مختلف آئٹمز پر تبادلہ خیال کیا، جن میں نصاب، تحقیقی منصوبوں، داخلہ پالیسی کا جائزہ لینے اور ڈیلی گیشنز کی منظوری شامل تھی۔ جامعہ میں نصاب کو صنعت کی ضروریات اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے معیارات کے مطابق موجودہ پروگراموں پر نظرثانی اور اپ ڈیٹ کیا گیا۔ مزید براں، کونسل کے اراکین نے سکھر آئی بی اے یونیورسٹی میں اکیڈمکس کو فروغ دینے اور لرننگ ایکسپیرینس کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات تجویز کیے ہیں۔

کندھکوٹ: سندرانی قبیلے کا ساوند قبیلے پر حملہ، ایک شخص قتل

فائرنگ سے علاقے میں کشیدگی، مزید خونریزی کا خدشہ، ایک شخص زخمی بھی ہوا

کندھکوٹ (نمائندہ ایکسپریس) کندھکوٹ کے کچے میں سندرانی اور ساوند قبائل کے درمیان چلنے والے دیرینہ تنازعہ کے باعث ایک شخص قتل علاقے میں خوف وہراس خونریزی بڑھنے کا خدشہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق کندھکوٹ کے کچے گبھلو پولیس تھانے کی حدود میں ساوند اور سندرانی قبائل کے درمیان چلنے والے دیرینہ تنازعہ کے باعث گاؤں رئیس قاسم ساوند میں سندرانی اور ساوند قبائل کے دو گروہوں میں فائرنگ گولیاں لگنے سے کرم الدین سندرانی موقع پر ہی قتل جبکہ ایک شخص زخمی ہونے کی بھی اطلاع ہیں واقعہ کے بعد دونوں قبائل کے گروہوں میں فائرنگ میں شدت ہوئی پولیس جائے وقوعہ پر پہنچی جس کی وجہ سے گروہوں میں مزید خونریزی بڑھنے کا خدشہ ہے ساوند برادری نے الزام لگایا کہ سندرانی قبیلے کے مسلح افراد نے ہمارے گاؤں پر حملہ کیا ہے اس خونی تنازعہ میں رمضان شریف کے دوران اعلیٰ تعلیم یافتہ فرانس میں سے آرٹیفیشل انجنیئر میں پی ایچ ڈی ہولڈر آئی بی اے یونیورسٹی سکھر کے پروفیسر اجمل ساوند بھی قتل کیا گیا جس کے قاتل پولیس ابھی تک گرفتار نہیں کرسکی ہے۔

سکھر: سول سوسائٹی الائنس کے چیئرمین بیرسٹر عبدالغفار خان تربیتی کونشن سے خطاب کررہے ہیں

طالب علم کو تھپڑ مارنے پر کمشنر کا اظہار ندامت

تنبیہ کے باوجود نقل میں مشغول طالبعلم کو ہلکی سی چپت لگائی تھی، وضاحت

حیدرآباد (نمائندہ ایکسپریس) ڈویژنل کمشنر حیدرآباد بلال احمد میمن نے بارہویں جماعت کے سالانہ امتحانات کے پہلے روز گورنمنٹ کمپری ہینسو بوائز ہائر سیکنڈری اسکول لطیف آباد یونٹ نمبر 10 کے دورے سے متعلق بدھ کو روزنامہ ایکسپریس میں شائع ہونے والی خبر "بارہویں کے امتحانات، موبائل فون نکلنے پر کمشنر نے طالبعلم کو تھپڑ ماردیا" کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے امتحانات میں نقل کی روک تھام کے لیے ڈویژن کے ڈپٹی کمشنرز اور دیگر متعلقہ افسران کو امتحانی مراکز کے دورے کرنے کی نہ صرف ہدایت کی بلکہ وہ خود بھی اس کے لیے سنجیدگی سے کوششیں کررہے ہیں، اسی سلسلے میں انہوں نے بارہویں جماعت کے سالانہ امتحانات کے پہلے روز گورنمنٹ کمپری ہینسو بوائز ہائر سیکنڈری اسکول لطیف آباد یونٹ نمبر 10 کے دورے کے موقع پر طالبعلموں کو پہلے وارننگ دی کہ وہ موبائل فونز اور دیگر نقل کرنے کا مواد رضاکارانہ طور پر امتحانی ٹیم کے حوالے کردیں جس پر کچھ طالبعلموں نے اپنے موبائل فونز اور دیگر نقل کرنے کا مواد حوالے کیا جس کے چند منٹ بعد کمشنر حیدرآباد اور ان کی ٹیم نے طالبعلموں سے بڑی تعداد میں موبائل فونز اور دیگر نقل کرنے کا مواد برآمد کیا، اسی اثناء میں تنبیہ کرنے کے باوجود ایک طالبعلم نقل کرنے سے باز نہیں آیا جس پر کمشنر حیدرآباد نے اسے متوجہ کرنے کے لیے اس کی کمر پر ہلکی سی چپت لگائی اس کے باوجود کمشنر حیدرآباد نے اس واقعے پر ندامت کا اظہار کرتے ہوئے اسے ایک بشری غلطی قرار دیا ہے۔

محافظ لوور فورم کے تحت پاک فوج جرات کانفرنس

حیدرآباد (نمائندہ ایکسپریس) پاک فوج ہمارے ملک کی بقا کی امین ہے، پاک فوج کی عظمت و شان پر ہماری جان بھی قربان ہے۔ یہ بات پاکستان محافظ لوور فورم حیدرآباد کے زیر اہتمام پاک فوج جرات کانفرنس سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس کی صدارت محمد اخلاق شیخ نے کی جبکہ پروفیسر طفیل جبار، طاہر پرویز مغل، قاضی احتشام الحق لغلی، ریاض الدین شیخ، طلعت صابر علی، سید عباس علی جعفری اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بیمار ذہن کے لوگ پاک فوج کے خلاف حقی پروپیگنڈہ کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی افواج کے خلاف سازشوں کا حصہ بننے والے سیاستدان ہمارے ملک دشمن ہیں۔

رانی پور: شاعرہ صنم سندھو بھنبھرو کے قاتلوں کی گرفتاری کیلئے ورثا احتجاج کررہے ہیں

آرکروما پاکستان لمیٹڈ

ARCHROMA LIFE ENHANCED

غیر معمولی اجلاس عام کی اطلاع

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہائی کورٹ آف سندھ، بمقام کراچی کے سول متفرق درخواست نمبر 1113 بابت 2023، پٹیشن حال J.C.M نمبر 11 بابت 2023 (''آرڈر'') میں مورخہ 16 مئی 2023 کے حکم کے مطابق آرکروما پاکستان لمیٹڈ (''کمپنی'') کا ایک غیر معمولی اجلاس عام ("EOGM")، بروز جمعہ مورخہ 23 جون 2023 بوقت صبح 10:00 بجے مندرجہ ذیل بزنس کے لین دین کیلئے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 1-A/1، سیکٹر 20، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کورنگی، کراچی پر منعقد اور کنڈکٹ کیا جائیگا بشمول بذریعہ وڈیو لنک سہولت:

(A)-اسپیشل بزنس

آرڈر کے مطابق، غور کرنے کیلئے اور، اگر مناسب سمجھا جائے تو، ترمیم کے ساتھ یا اسکے بغیر، مندرجہ ذیل قرارداد منظور کرنے، مزید دوسرے امور کیساتھ، ہنٹس مین ٹیکسٹائل ایفیکٹس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی مکمل انڈرٹیکنگ، کمپنی کیساتھ اور اس میں انضمام، یکجا کرنے کے کیلئے 27 اپریل 2023 کو ترتیب دی گئی اسکیم کے مطابق، جیسا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 27 اپریل 2023 کو منظور کیا تھا، اسکے ساتھ ساتھ ذیلی امور۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 279 اور 282 کے تحت مطلوبہ اکثریت سے منظوری کی جانے والی مجوزہ قرارداد حسب ذیل ہے:

''قرار پایا کہ، مورخہ 27 اپریل 2023 کی اسکیم آف ارینجمنٹ کیلئے اور اس کیساتھ ہنٹس مین ٹیکسٹائل ایفیکٹس پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی مکمل انڈرٹیکنگ کی آرکروما پاکستان لمیٹڈ کیساتھ اور اس میں تمام متعلقہ اداروں کیساتھ، اس سے متعلق معاملات، غور وخوض اور منظوری کیلئے اجلاس کے سامنے رکھے جائیں، اس کے ساتھ منظور کیے جائیں، بشمول کسی بھی موڈیفکیشن/ترمیم کی ضرورت ہو، یا ہائی کورٹ آف سندھ کی جانب سے عائد کردہ شرائط، ہائی کورٹ آف سندھ، بمقام کراچی کی طرف سے منظوری کیساتھ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق۔

اسکیم آف ارینجمنٹ ہائی کورٹ آف سندھ بمقام کراچی کی منظوری سے مشروط ہوگی۔

B- دیگر بزنس

کسی دوسرے بزنس کا لین دین کرنا، جو چیئر کی اجازت سے میٹنگ سے پہلے رکھا جائے۔

کراچی: 30 مئی 2023

حسب الحکم بورڈ
عرفان لاکھانی
کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

(1) کمپنی کے شیئر ٹرانسفر بکس 15 جون 2023 تا 23 جون 2023 (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی ... www.archroma.com.pk ... mohsin.ali@archroma.com ...

شیئر ہولڈر کا نام/پراکسی ہولڈر	CNIC نمبر/NTN نمبر	فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر	موبائل نمبر★	ای میل ایڈریس★

(2)–(14) ...

اسپیشل بزنس سے متعلق، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت اسٹیٹمنٹ

اسپیشل بزنس سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 281 کے تحت اسٹیٹمنٹ

PAKISTAN RAILWAYS
HEADQUARTERS OFFICE
LAHORE

TENDER NOTICE

FOR AWARDING CONTRACT OF DINING CARS/KITCHEN PORTION IN (1) 11-UP/12-DN(HAZAR EXPRESS) (2) 25-UP/26-DN (ZAKRIA EXPRESS) (3) 115-UP/116-DN (MUSAPAK)

Sealed bids are invited from reputed firms for licensing of catering services contract Dining Cars/Kitchen Portion on the following trains.

1	11-Up/12-Dn	(Hazara Express)	RWP-KYC (Dining Car)
2	25-Up/26-Dn	(Zakria Express)	MUL-KYC (Dining Car)
3	115-Up/116-Dn	(Musa Pak)	LHR-MUL (Kitchen Portion)

Further details are given as under: -

(i) The interested firms / companies can obtain the Bid Documents, at a cost of Rs.3000/- (non-refundable) from the office of the undersigned during office hours.

(ii) Selection of firms shall be carried out as per PPRA rules following single stage two envelopes procedure. Competitive bidding will be conducted in accordance with the bidding process.

(iii) Sealed Technical Proposals and sealed Financial Bids in separate envelopes clearly marked as technical proposal and financial bid in a single package must reach the below mentioned address latest by 11:00 AM on 20.06.2023.

(iv) Technical proposals will be opened in Committee Room No.3, Pakistan Railways Headquarter Office, Lahore on 20.06.2023 at 11:30 hours in the presence of bidders or their representatives who choose to attend.

(v) Financial proposals will be opened following technical evaluation on a date and time conveyed in advance to the technically qualified bidders.

PIDL-3451

Dy: Chief Commercial Manager (M)
Pakistan Railways Headquarters Office, Lahore.
Ph: No.042-99201805